
# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

## GEOGRAPHY

**Section A: Multiple Choice Questions**
**Marks: 20 Time: 30 minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|




اوپر دی گئی مثال میں سوال نمبر 2 کا درست جواب C ہے جس کے لئے جوابی پرچے میں سوال نمبر 2 کے سامنے C کا دائرہ سیاہ رنگ میں بھرا ہوا ہے۔

### ہدایات

1. ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ جوابات کے لئے دیئے گئے علیحدہ جوابی پرچے پر متعلقہ دائرے میں سیاہ رنگ بھریں۔ سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان نہ لگائیں۔
2. جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔
3. سوالیہ پرچے پر سوال نمبر مثلاً 1, 2, 3, 4, 5... اور اس کے صحیح جواب مثلاً A, B, C, D کو نوٹ کریں اور اس کے بعد جوابی پرچے پر اُسی سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب کا دائرہ بھریں۔

**Q.1** دورِ جدید میں نقشہ سازی کے لئے جس چیز کو استعمال میں لایا جاتا ہے وہ

A. چھال ہے۔
B. کاغذ ہے۔
C. کپڑا ہے۔
D. گتہ ہے۔

**Q.2** کسی خاص مدت کے اعداد و شمار کو ظاہر کیا جاتا ہے

A. بار گراف سے۔
B. خطی گراف سے۔
C. دائروی گراف سے۔
D. عمودی گراف سے۔

**Q.3** جسامت اور شکل کی بنیاد پر گلیشیئر کی عام طور پر کتنی اقسام ہوتی ہیں؟

A. دو
B. تین
C. چار
D. پانچ

**Q.4** کھڑی چٹانوں کی بنیادوں کے کٹاؤ کی وجہ سے بننے والی غار کہلاتی ہے:

A. پہاڑی غار
B. سمندری غار
C. صحرائی غار
D. چٹانی غار

**Q.5** لوئس، ریت کے ذرات اور گرد کی تہہ نشینی سے وجود میں آنے والا ایسا میدان ہے جس کا رنگ

A. سرخ چٹان جیسا ہوتا ہے۔
B. سرمئی ریت جیسا ہوتا ہے۔
C. زردی مائل گرد جیسا ہوتا ہے۔
D. سیاہ چٹان جیسا ہوتا ہے۔

**Q.6** بحرالکاہل کی یہ خوبی ہے کہ وہ دنیا کے بڑے سمندروں میں سے ایک

A. شور والا سمندر ہے۔
B. پُرسکون سمندر ہے۔
C. تیز بہنے والا سمندر ہے۔
D. درمیانی رفتار والا سمندر ہے۔

**Q.7** خشکی کا ایسا ٹکڑا جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہوا ہو، کہلاتا ہے:

A. سمندر
B. دریا
C. جزیرہ
D. چشمہ

**Q.8** خطِ استواء سے قطبین کی طرف حرکت کرنے والی رَوئیں کہلاتی ہیں:

A. سرد رَوئیں
B. گرم رَوئیں
C. نیم گرم رَوئیں
D. نیم سرد رَوئیں

Result.pk

**Q.9** 8اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے زلزلے کی وجہ

A. قشری پلیٹوں کی حرکت تھی۔

B. قشری پلیٹوں کا ساکن ہونا تھا۔

C. آتش فشاں کا پھٹنا تھا۔

D. آتش فشاں کی حرکت تھی۔

**Q.10** تیزابی بارش کس قسم کی آلودگی کی وجہ سے ہوتی ہے؟

A. زمینی آلودگی

B. صوتی آلودگی

C. فضائی آلودگی

D. آبی آلودگی

**Q.11** جب کسی فصل کو زرعی کھاد کے ذریعے اگایا جائے تو کونسی گیس کے ارتکاز میں اضافہ ہوتا ہے؟

A. نائٹروجن

B. ہائیڈروجن

C. ایتھین

D. میتھین

**Q.12** گرین ہاؤس اثر میں جب سورج کی شعاعیں زمین پر پڑتی ہیں تو زمین اُنہیں

A. منعکس کرتی ہے۔

B. منعطف کرتی ہے۔

C. جذب کرتی ہے۔

D. منتشر کرتی ہے۔

**Q.13** خطِ استواء کے $23.5^o$ شمال اور $23.5^o$ جنوب والے علاقے کو کہتے ہیں:

A. معتدل خطہ

B. سرد خطہ

C. برفانی خطہ

D. حاری خطہ

**Q.14** مون سونی خطے کے لوگوں کا عام پیشہ ہوتا ہے:

A. صنعت

B. زراعت

C. باغبانی

D. گلہ بانی

**Q.15** موسم گرما میں پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں موسم کیسا ہوتا ہے؟

A. معتدل اور لمبا

B. معتدل اور مختصر

C. گرم اور مرطوب

D. گرد آلود اور لمبا

**Q.16** آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کے جس نیم حاری خطے میں موسم گرما بہت طویل اور گرم ہوتا ہے اس کا نام

A. براعظمی ساحلی خطہ ہے۔

B. براعظمی کوہستانی خطہ ہے۔

C. براعظمی سطح مرتفع کا خطہ ہے۔

D. براعظمی میدانی خطہ ہے۔

**Q.17** چین کی معاشی ترقی کی سب سے بڑی وجہ

A. زرعی ترقی ہے۔

B. صنعتی ترقی ہے۔

C. معاشرتی ترقی ہے۔

D. سیاسی ترقی ہے۔

**Q.18** پسماندہ ممالک میں بے روزگاری کی بڑی وجہ ہے:

A. نوکری کے محدود مواقع

B. افرادی قوت میں کمی

C. پڑھے لکھے افراد میں کمی

D. ملک میں مہنگائی

**Q.19** پاکستان میں ناخواندگی کی بڑی وجہ

A. آبادی کا بڑھنا ہے۔

B. وسائل کی کمی ہے۔

C. معاشی بدعنوانی ہے۔

D. لاقانونیت ہے۔

**Q.20** آج کل ماہرین جغرافیہ دُور حسی کے ذریعے معلومات حاصل کرنے کے لئے جس چیز کو پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کرتے ہیں وہ

A. غبارے ہیں۔

B. ہوائی جہاز ہیں۔

C. مصنوعی سیارچے ہیں۔

D. ہیلی کاپٹر ہیں۔

Result.pk

# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

## GEOGRAPHY

| Section B: Constructed Response and Extended Response Questions<br>Time: 1 hour 30 minutes Marks: 30 | Roll No. | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

**ہدایات:**

| | | |
|---|---|---|
| 1. ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔ | 2. جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔ | 3. سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔ |

### Constructed Response Questions

سوال نمبر۔1 دریا کی تہہ نشینی کے عمل میں سرانجام دیئے جانے والے کوئی تین مراحل بیان کریں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔2 بحر اوقیانوس کی کوئی تین خصوصیات لکھیں۔ (کل 3 نمبر)

Result.pk

سوال نمبر۔3 آتش فشانی کے تین اثرات لکھیں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔4 فضائی آلودگی کے کوئی تین اثرات لکھیں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔5 مون سونی خطے میں واقع کسی چار ممالک کے نام لکھیں۔ (کل 4 نمبر)

سوال نمبر۔6 مشرقِ وسطیٰ کے ممالک سعودی عرب، عراق، ایران اور ترکی کی معاشی ترقی میں کونسی اشیاء سب سے زیادہ اہم کردار ادا کرتی ہیں؟ چار کے نام لکھیں۔ (کل 4 نمبر)

Result.pk

## Extended Response Questions

سوال نمبر۔7　دی گئی جدول مختلف شہروں کے درجہ حرارت کو ظاہر کرتی ہے۔　(کل 5 نمبر)

| شہر | درجہ حرارت |
|---|---|
| اسلام آباد | $30^o C$ |
| پشاور | $40^o C$ |
| لاہور | $45^o C$ |
| کراچی | $50^o C$ |

درج بالا اعداد و شمار کی مدد سے دیئے گئے باکس میں بار گراف بنائیں۔

Result.pk

سوال نمبر۔8　پاکستان میں موسمِ خزاں کا دورانیہ کیا ہوتا ہے؟ نیز اس موسم کی چار خصوصیات لکھیں۔　(کل 5 نمبر)